● کتاب: ''مقامِ رسول ﷺ اپنوں اور غیروں کی نظر میں'' مؤلف: محمد اکرم کمبوہ

ضخامت: ۲۴۰ صفحات قیمت: ۱۲۰ روپے ناشر: دار الکتاب' کتاب مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

رسولِ اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ پر کئی زبانوں میں ہزاروں کتابیں اب تک لکھی جا چکی ہیں۔ لکھنے والوں میں اپنے اور غیر سبھی شامل ہیں۔ زیر نظر کتاب کی خوبی یہ ہے کہ اس میں مرتب نے اپنوں اور غیروں کی تحریروں سے اقتباسات یکجا کر دیئے ہیں اور حوالہ بھی درج کر دیا ہے۔ جس میں نثر کے ساتھ ساتھ نظم پارے بھی ترتیب دیئے گئے ہیں۔ جن کی کتابوں کے اقتباسات لیے گئے ہیں ان کے قابل ذکر نام یہ ہیں ''شبلی نعمانی، مولانا اشرف علی تھانوی، ابوالکلام آزاد، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، چودھری افضل حق، آغا شورش کاشمیری، نسیم حجازی، عرش ملسیانی، ساحر ہوشیار پوری، سر ولیم میور، نپولین بوناپارٹ، لیوٹالسٹائی، ڈاکٹر کلارک، ڈاکٹر آرنلڈ، ہولڈرس، لالہ شیام، ناتھ دہلوی، ماسٹر شنکر داس گیانی، رام دیوایم اے،، ایڈورڈ گبن، سوری لکشمن پرشاد، چودھری چھوٹو رام، رابندر ناتھ ٹیگور، لالہ لاجپت رائے، لالہ پنڈت ہری چند اختر، ۔رنگین خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ کتاب جاذب نظر ہے۔

● کتاب: ''جمالِ محمد ﷺ کا دلربا منظر'' مصنف: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۲۰۶ صفحات قیمت: ۱۲۰ روپے ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہؓ خالق آباد، نوشہرہ

حسنِ یوسف ، دمِ عیسٰی ، یدِ بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

مصنف نے اس کتاب میں رسول اکرم ﷺ کے چہرۂ انور، جسمِ اطہر، حسن و جمال، نورانیت، اعجاز و کمال کا تذکرہ کیا ہے اور اس بابت شمائل ترمذی کی ان بائیس احادیث کی توضیح وتشریح پیش کی ہے جن میں نبیٔ آخرالزمان ﷺ کے حسنِ کردار کے ساتھ ساتھ آپ کے نورانی چہرۂ اطہر کی تصویرکشی کی گئی ہے۔

معیاری پرنٹنگ، خوبصورت ٹائٹل، کتاب جاذب نظر ہے۔

● کتاب: ''زندگی سیاسی وانقلابی امام اعظم ابوحنیفہؒ '' تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی

مترجم فارسی: حافظ محمد علی شہ بخشی (ایران) ضخامت: ۱۰۴ صفحات قیمت: درج نہیں

ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہؓ، خالق آباد نوشہرہ سرحد، پاکستان

کتاب زیرعنوان میں مؤلف نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی سیاسی اور انقلابی زندگی کا احاطہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ اصل کتاب اردو میں ہے جسے اب فارسی زبان میں شائع کیا گیا ہے۔ مؤلف نے پیش لفظ میں تحریر کیا ہے کہ انہوں نے حضرت امام اعظمؒ کے بارے میں بہت سے سوالات کا جواب دینے کی کوشش کی ہے اور اس ضمن میں فرصت